# 38221 ـ رمضان کے پورے مہینہ میں عمرہ کرنا مستحب ہے

**سوال**

کیا رمضان کے آخری عشرہ میں عمرہ کرنا مستحب ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ماہ رمضان میں عمرہ کرنے کی رغبت دلائي ہے حدیث میں ہے کہ :

ابن عباس رضي اللہ تعالی عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

( رمضان میں عمرہ کرنا حج کے برابر ہے ) صحیح بخاری حدیث نمبر ( 1782 ) صحیح مسلم حدیث نمبر ( 1256 ) ۔

یہ حدیث مکمل رمضان کے مہینہ کو شامل ہے نہ کہ آخری عشرہ کے ساتھ خاص ۔

واللہ اعلم .